اسی طرح شام کو پڑھ لے تو گویا تمام رات کا شکریہ کر لیا مگر صبح کی جگہ امسیٰ پڑھے۔

صبح وشام کی مختصر دعا

بڑے فائدے والی اور عذاب سے بچنے کیلئے ہے۔ اگر فرض نماز فجر اور فرض مغرب کے سلام کے بعد سات بار "اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ پڑھے تو اگر اس دن یا اس رات میں اس پر موت آگئی تو عذاب دوزخ سے محفوظ رہے گا۔

ہر ملاقاتی سے خیر آنے کیلئے وظیفہ

جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھے جو بھی اس دن اس کے ساتھ ملاقات کرے گا اس کے حق میں خیر ہوگا۔ اَللّٰھُمَّ اَنَّ مَنْ یَّدْخُلُ عَلَیْنَا فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ اِنْ کَانَ خَیْرًا فِیْ حَقِّنَا فَاَدْخِلْهُ وَاِنْ کَانَ فِیْ حَقِّنَا شَرًّا فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ۔ "اے اللہ! جو بھی ہم پر آئے اس دن میں اگر اس کا آنا ہمارے حق میں بہتر ہے تو آئے اور اگر اس کا آنا ہمارے لئے برا ہے تو اس کو ہم سے پھیر دے۔"

ناگوار آدمی کے اٹھانے کا وظیفہ

اگر کوئی مجلس میں، ناگوار آدمی آجائے اور اس کا اٹھانا مطلوب ہو تو دل میں چند مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ "تَذْرُوْہُ الرِّیَاحُ وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا"

Qureshi Rw

غیبت سے حفاظت کا نسخہ

حضرت شیخ محمد تھانویؒ فرماتے ہیں۔ اگر شروع مجلس میں "بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔ تین بار پڑھے تو غیبت سے محفوظ رہے گا۔

دفع غم اور قیدی کیلئے رہائی پانے کیلئے

دفع غم اور رہائی پانے کیلئے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۵۷۵ بار اول آخر درود شریف سات سات پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ تمام غم کافور ہو جائے گا۔ اور قید سے نجات ملے گی بشرطیکہ بلا جرم قید ہوا ہو۔ اور اگر اتنا پڑھنے کی فرصت نہ ہو تو ۳۱۳ بار پڑھے۔

رجعت عمل

صوفی باعمل حضرت صوفی محمد یار صاحب مقیم رانہ واہن کا فرمان ہے کہ بعض اوقات بصری کوتاہیوں کی وجہ سے کسی عمل میں رجعت ہو جاتی ہے اس کے سفعیہ کیلئے یہ آیت مبارکہ۔ "سُبْحَانَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ ○ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَیُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَکَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ"۔ ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر مل لیں مجرب ہے۔

برائے مغلوبی دشمن

بعد نماز بغیر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سورۃ مزمل شریف ۲۱ بار رائی کے دانوں پر دم کر کے جلاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوں گے۔

ضمیمہ

نماز حصول صحت:

مجمع النوادر میں درج ہے کہ بعد نماز مغرب ایک دوگانہ نفل بہ نیت حصول صحت بطریق ذیل ادا کرنا حد درجہ نافع ہے۔

Oureshi Rw

رکعت اول میں بعد از سورۃ فاتحہ، سورہ اخلاص تین مرتبہ اور آیت کریمہ : لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ ایک بار پڑھا جائے اسی طرح دوسری رکعت میں پڑھا جائے۔ بعد از فراغت از نماز نہایت عجز و انکساری سے دعا کرے۔

زہریلے کیڑے مکوڑوں سے حفظ ماتقدم کی تدابیر

۱۔ فرمودہ و مجربہ حضرت مولانا عبداللہ درخواستی مدظلہ العالی سورہ اخلاص ایک سو ۱۰۰ بار روزانہ پڑھنے والے کو سانپ نہیں کاٹے گا۔ اگر کاٹ بھی لے تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

۲۔ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ، کا ورد اکثر و بیشتر کرنے والا حشرات الارض کے ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔

۳۔ سالم نمک کی ڈلی بوزن پاؤ نصف پاؤ لے کر وضو کی حالت میں پہلے پانچ ۵ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر پوری سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ اس طرح پڑھیں کہ۔ بِسْمِ اللّٰـهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ. یعنی رحیم کا میم اور الحمد کا لام ملا کر پڑھنا ہے۔ ۴۱ بار نمک پر دم کریں پھر سورۃ کافرون، سورۃ اخلاص اور آخری دو سورتیں یعنی چاروں قل پڑھ کر دم کریں۔ خیال رہے کہ دم کرتے وقت تھوڑی تھوڑی تھوک بھی نمک پر پڑے اس نمک کو محفوظ رکھا جائے۔ یہ ڈلی سگ گزیدہ اور مار گزیدہ (یعنی کتے اور سانپ کے کاٹے ہوئے کو ضرورت پڑنے پر ایک طرف سے چٹائیں اور دوسری طرف سے زخم پر ملتے رہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ مریض کو شفا ہوگی۔

عملیات و تعویذات مولانا محمد عبداللہ بھلویؒ

ان چیزوں میں سے کہ ان کے پڑھنے سے تمام دن عافیت رہے اور مصیبت سے بچے صبح سویرے اگر تین بار پڑھ لیا تو تمام دن آرام و عافیت سے رہے گا۔ اور اگر شام کو پڑھ لیا تو ساری رات امن و امان میں گزرے گی۔ بِسْمِ اللّٰـهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ ”پناہ لیتا ہوں نام اس اللہ تعالیٰ کے ساتھ کہ نہیں ضرر کرتی ذکر کرنے نام اس کے کوئی چیز زمین اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے ہر چیز کا۔“ اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھ لے بہتر ہے۔

فائدہ: جو چیز اس رسالہ میں پیش خدمت ہوگی اس کے اول و آخر درود شریف پڑھنا تین تین بار

Qureshi Rw

ایک ایک بار بہتر وافضل ہے اور زیادہ مقبولیت اور تاثیر کے موجب ہے۔اسی طور اگر یہ صبح یا شام کو پڑھ لے تو ساری رات اور سارا دن امان میں رہے گا۔نیز جس مکان اور منزل میں رہے گا ہر شر جن وانس ودوآب وغیرہ سے امن وامان رہے گا۔ اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے کلموں کے ساتھ اور اتری ہوئی کتابوں کے کہ پوری اور کامل ہیں نقصان اور برائی اس چیز سے کہ پیدا کی ہے۔''

تین بار صبح اور تین بار عصر کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف تین تین بار۔اسی طرح پر آیت الکرسی تین بار ومعوذتین چار بار،اور سورۃ المومن فی اول آیت اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ تک پڑھنا۔ اور سورۃ الانعام کی اول تین آیتیں اور سورہ حشر کی تین آیتیں آخیرہ پڑھنے سے جیسے حفاظت من الافات کا فائدہ ہے ویسے فرشتوں کی دعا وثواب آخرت کا بھی فائدہ ہے۔

گناہوں کی مغفرت کیلئے دعا

ہر نماز کے بعد ہفت ۷ بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھتا رہے گناہ معاف ہوں گے انشاءاللہ تعالیٰ ."اللھم اغفرلی ذنوبی و خطئی وعمدی"

مغفرت کیلئے اعلیٰ نسخہ

حضور ﷺ سے عرض کے گیا کہ مختصر کلمات عطا فرماویں تو فرمایا۔''اَللّٰہُ اَکْبَرُ دس ۱۰ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ دس ۱۰ بار۔ان دونوں میں اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہ میرے لئے ہیں۔اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ دس ۱۰ بار اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ یہ تیرے لئے ہیں اور میں نے بخش دیا۔اگر درود شریف اس کے اول آخر ہو ایک ایک بار تو بہتر ہے۔

دعا حضرت احمد بن حنبلؒ کی

اَللّٰھُمَّ کَمَا صُنْتُ وَجْھِیْ مِنَ السُّجُوْدِ لِغَیْرِکَ فَصُنْہُ عَنْ ذِلِّ السُّوَالِ لِغَیْرِکَ ۔''اے اللہ جیسے تو نے میرے منہ کو غیر کے سجدے سے محفوظ رکھا اسی طرح غیر سے سوال کرنے کی ذلت سے بھی محفوظ فرما۔''

Qureshi Rw

عافیت کیلئے دعا

حضرت حاجی امداد اللہؒ مہاجر مکی سے منقول ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَتَحَمَّلُ عَلٰی نِعْمَۃِ الْمَرَضِ فَاَبْدِلْہُ بِنِعْمَۃِ الْعَافِیَۃ ''اے اللہ! میں نعمت مرض کی برداشت نہیں کرسکتا اس کے بدلے نعمت عافیت کی دے۔ بیمار پڑھتا رہے عافیت ہو جائے۔ اور عافیت والا پڑھے دکھ سے محفوظ رہے گا۔ نیز اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَ قِنَا عَذَابَ النَّارِ'' ہر نماز کے بعد تین بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھے۔

باؤلے کتے کا زہر

۱۔ باؤلے کتے کے کاٹے پر سورۃ الطارق تین بار پڑھ کر متاثرہ مقام پر دم کریں۔

۲۔ کتے کے کاٹے ہوئے مریض پر سورۃ الحاقہ روزانہ پانی پر دم کر کے سات ۷ یوم تک پلائیں۔

۳۔ مندرجہ ذیل آیات روٹی کے ایک ٹکڑا پر لکھ کر کھلائیں اور چالیس یوم تک یہ عمل کریں روزانہ لکھ کر کھلاتے رہیں۔ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا۔

(۴) ایک ٹکڑا بانات سرخ لے کر اس پر یہی آیات لکھیں اور گڑ میں لپیٹ کر کھلائیں۔

۴۔ درود شریف اور بسم اللہ پڑھ کر سورہ قریش گیارہ مرتبہ ورد کریں پھر یہ الفاظ کہیں۔

''الٰہی! بحرمت خواجہ محمد صادق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہ بحکم خدا بہ برکت رسول ﷺ ایں اثر سگ دیوانہ گم شد''

اور نمک پر دم کردیں۔ مریض کو یہی نمک گیارہ مرتبہ تک خوراک میں استعمال کرائیں۔

سانپ کا ڈنگ

۱۔ سانپ کا زہر دور کرنے کیلئے یہ آیت اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا۔ ہاتھ میں کوئی شاخ کسی پودے یا درخت کی شاخ لے کر اس پر دم کر کے ڈنگ کی جگہ پر اوپر سے

Qureshi Rw

نیچے تک جھاڑیں۔یعنی اوپر کے مقام سے پھیرتے آئیں اور نیچے لے جا کر جھٹک دیں۔

۲۔ سانپ کے ڈنک کے لئے سورۃ لقمان ایک مرتبہ آب باراں پر دم کر کے مسلسل چھ روز تک پلائیں۔

۳۔ سانپ کے ڈسنے سے کلمہ طیبہ ایک سو گیارہ ۱۱۱ بار پڑھ کر تین یوم دم کریں۔

شہد کی مکھی

ا۔شہد کی مکھی کے ڈنک کے لئے درود شریف نماز والا سات بار پڑھ کر دم کریں پھر اس عمل کو تین بار دہرائیں۔

بھڑ اور بچھو کے کاٹے کا علاج

ا۔ حضرت شید شمس الحق صاحب مقیم صادق آباد کا ارشاد ہے کہ مدینہ منورہ میں ایک بزرگ سے دوران ملاقات یہ عطیہ عطا ہوا کہ بھڑ اور بچھو کے کاٹنے پر صرف تین بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے جائیں اور مقام ڈنگ پر انگلی پھیرتے جائیں انشاء اللہ شفا ہو گی۔

۲۔ بچھو کے ڈنگ پر ایک سانس میں ۷ سات بار اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّاَكِيدُ كَيْدًا۔ پڑھ کر دم کریں اور تین بار یہی عمل دہرائیں۔

۳۔ بچھو اور زنبور (بھڑ) کے ڈنک کیلئے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک مرتبہ اور درود شریف ایک بار پڑھ کر وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ایک بار پڑھ کر دم کریں۔

ادائے قرض کی دعا

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

"اے اللہ! حرام سے بچاتے ہوئے اپنے حلال کے ذریعہ تو میری کفالت فرما اور اپنے فضل کے ذریعہ تو مجھے دوسروں سے بے نیاز کر دے۔"

Oureshi Rw

جب کسی مریض کی عیادت کرے تو اس سے یوں کہے

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔ (مشکوٰۃ)

''کچھ حرج نہیں انشاءاللہ یہ بیماری تم کو گناہوں سے پاک کر دے گی۔''

سفر سے واپسی کی دعا

اَوْ بًا اَوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا۔ (حصن)

''میں واپس آیا ہوں واپس آیا ہوں اپنے رب کے سامنے ایسی توبہ کرتا ہوں جو اپنے اوپر کوئی گناہ نہ چھوڑے۔''

جب دشمنوں کا خوف ہو تو پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔ (ابوداؤد)

''اے اللہ! ہم تجھے ان (دشمنوں) کے سینوں میں (تعریف کرنے والا) بناتے ہیں اوران کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔''

اگر بازار میں کچھ بیچنا یا خریدنا ہو تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً۔ (حصن)

''میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا۔ اے اللہ! میں تجھ سے اس بازار کی خیر طلب کرتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسمیں کھاؤں یا معاملہ میں ٹوٹا اٹھاؤں۔'' پھر بازار سے واپس آ کر دس آیتیں قرآن شریف کی کہیں سے پڑھے۔

جب کھانا شروع کرے تو پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ۔

Qureshi Rw

''میں نے اللہ کے نام سے اور اس کی برکت سے کھانا شروع کیا۔''

اگر شروع میں بسم اللہ کہنا بھول گیا تو جب یاد آئے تو یہ دعا پڑھے۔''بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ''میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔

فائدہ: جس کھانے پر بسم اللہ نہ پڑھی جائے تو شیطان کو اس کے ساتھ کھانے کا موقع مل جاتا ہے۔

جب کھانا کھا چکے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

'' سب تعریف اس خدا کیلئے ہے جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور مسلمان بنایا۔''

جب بازار میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ ا وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کیلئے ملک ہے اور اسی کے لئے حمد ہے وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ خود زندہ ہے اسے موت نہ آئے گی اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

بازار میں اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دس لاکھ نیکیاں لکھ دیں گے اور دس لاکھ گناہ معاف فرما دیں گے اور دس لاکھ درجے بلند فرما دیں گے اور اس کے لئے جنت میں ایک گھر بنا دیں گے۔

فرض نماز کا سلام پھیر کر یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ الْھَمَّ وَالْحُزْنَ سر پر داہنا ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے اور تین بار استغفر اللہ کہے۔

جب اذان کی آواز سنے تو یہ دعا پڑھے

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ

Qureshi Rw

وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا۔

''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، میں اللہ کو رب ماننے پر اور محمد ﷺ کو رسول ماننے پر اور اسلام کو دین ماننے پر راضی ہوں۔''

حدیث شریف میں ہے کہ اذان کی آواز سن کر یہ دعا پڑھے تو اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (مسلم)

اور حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص مؤذن کا جواب دے اس کے لئے جنت ہے۔ (حصن)

لہٰذا مؤذن کا جواب دے یعنی جو مؤذن کہے وہی کہتا جائے۔ البتہ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہے۔

اذان ختم ہونے کے بعد درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔

''اے اللہ! اے اس دعوت کامل کے رب! اور قائم ہونے والی نماز کے رب محمد ﷺ کو وسیلہ عطا فرما اور ان کو فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود تک پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بیشک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔'' اس دعا کے پڑھ لینے سے رسول ﷺ کی شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

فائدہ: جو کلمات اذان کے جواب میں کہے وہی اقامت کے جواب میں کہے اور جب قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ سنے تو کہے اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا (اللہ اس نماز کو قائم اور ہمیشہ رکھے)

تسخیر عام کیلئے

یَا عَزِیْزُ یَا لَطِیْفُ (۲۲۳) مرتبہ اپنے نام کے اعداد ملا کر پڑھے ایک ہفتہ سے اثر ظاہر ہونا شروع ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ لوگ مسخر ہوں گے۔

Qureshi Rw

اہل خانہ اور تسخیر عام کیلئے

اِنَّ رَبَّکَ یَعۡلَمُ اَنَّکَ تَقُوۡمُ اَدۡنٰی مِنۡ ثُلُثَیِ الَّیۡلِ وَنِصۡفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِیۡنَ مَعَکَ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیۡلَ وَالنَّهَارَ۔

اس آیت شریفہ کو تین دن تک روزانہ پڑھے۔ مخلوق خدا مہربان ہو اور اگر اس آیت کو اکتالیس ۴۱ بار شیرینی پر دم کر کے کھلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں بے انتہا محبت ہو گی۔

برائے عداوت

پوری سورۃ القاریہ ۹۰ بار بوقت زوال اخیر ماہ میں مرد کے سیدھے پیر کی مٹی اور عورت کی بائیں پیر کی مٹی لیکر پڑھے اور چوکھٹ کے نیچے دفن کرے۔

برائے بیماری دشمن

بروز اتوار یا منگل پرانی قبر کی اکتالیس کنکریاں لے کر اسی جگہ پڑھے اور ان کو لا کر گھڑے یا کنوئیں میں جہاں سے دشمن پانی پیتا ہو ڈال دے وقت ٹھیک بارہ بجے کا ہو۔

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ نَاسُ نَاسُ مَلِکِ النَّاسِ نَاسُ نَاسُ اِلٰهِ النَّاسِ نَاسُ نَاسُ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ نَاسُ نَاسُ اَلَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ نَاسُ نَاسُ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ نَاسُ نَاسُ۔

شوہر کی ناراضگی دور کرنے کیلئے

شیرینی پر دم کر کے کھلائے۔ انشاء اللہ کامیابی حاصل ہو گی۔

هُوَ الَّذِیۡۤ اَیَّدَکَ بِنَصۡرِهٖ وَبِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَاَلَّفَ بَیۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ لَوۡ اَنۡفَقۡتَ مَا فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا مَّاۤ اَلَّفۡتَ بَیۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیۡنَهُمۡ اِنَّهٗ عَزِیۡزٌ حَکِیۡمٌ۔

برائے زبان بندی دشمن

اتوار یا جمعرات کے روز دو چھوٹی چھوٹی مٹی کی کلھیا پاک وصاف باوضو بازار سے خرید لائے

Oureshi Rw

اور قیمت دیتے وقت اپنے دل میں یہ کہے کہ یااللہ میرے دشمن کی زبان بند کردو دونوں کلھیا میں اپنے گھر کے چولہے کی راکھ بھر کر کسی صندوق میں یا کسی اونچی طاق میں پوشیدہ رکھے جہاں کسی آدمی کا سایہ نہ پڑتا ہو۔اور رکھتے وقت یہ پڑھے۔ صُمٌّ صُمٌّ بُکْمٌ بُکْمٌ بُکْمٌ زبان فلاں بن فلاں دشمن کی بند کردے تصدق علی مرتضٰی شیر خدا سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ زبان دشمن کی بند ہوگی۔ جب کام ہو جاوے تو راکھ نکا کر دریا میں ڈال دے اور شکر سے دو کلھیا بھر کر چھوٹے معصوم بچوں کو تقسیم کرے۔

جب مسجد سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

حضور ﷺ پر درود بھیج کر یہ دعا پڑھے۔

رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِکَ۔

اے اللہ! میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔

یا صرف یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ۔

''اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔''

جب مسجد میں داخل ہو

پہلے حضور ﷺ پر درود سلام بھیج کر یہ دعا پڑھے:

رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ۔(ترمذی)

''اے رب! میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔''

یا صرف یہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ۔

''اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔''

Qureshi Rw

مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔

''اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔''

درود ابراہیمی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

''اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور ان کی آل پر جس طرح تو نے رحمت نازل فرمائی ابراھیمؑ اور ان کی اولاد پر۔ بیشک تو مستحق تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ برکت نازل فرما محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر جیسا کہ برکت نازل فرمائی تو نے ابراھیمؑ اور ان کی آل پر بیشک تو مستحق تعریف اور بزرگی والا ہے۔''

سورہ الم نشرح

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

''کیا نہ کھول دیا ہم نے واسطے تیرے سینہ تیرا اور اتار رکھا ہم نے تجھ سے بوجھ تیرا جس نے توڑی تھی پیٹھ تیری اور بلند کیا ہم نے واسطے تیرے ذکر تیرا پس تحقیق ساتھ سختی کے آسانی ہے پس جب فارغ ہو تو پس محنت کر بیچ عبادت کے اور طرف اپنے رب کی پس رغبت کر۔'' ہر مقصد کیلئے اس سورۃ کا پڑھنا انتہائی مجرب ہے۔ (حضرت تھانوی و حضرت لاہوری قدس سرہما)

Qureshi Rw

کلمہ طیبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

"اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔"

اس کلمہ سے کافر مسلمان ہوتا ہے اور جس کی اس پر موت واقع ہو وہ جنتی ہے۔ میت کو ستر ۷۰ بار پڑھ کر ایصال ثواب کرنا گناہوں سے بخشش کا ذریعہ ہے۔

تنگدستی اور قرض کیلئے

مندرجہ ذیل عمل ہمیشہ جاری رکھیں۔ بعد نماز عشاء تنہا بیٹھ کر یا وھاب چودہ سو مرتبہ پڑھ کر یہ دعا ایک سو مرتبہ پڑھا کریں۔

يَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

اول آخر تین مرتبہ درود شریف ہو۔

قیامت کی رسوائی سے حفاظت کا ورد

قیامت کی رسوائی سے بچنے کیلئے سورۃ البقرہ اور سورۃ آل عمران کی تلاوت کیا کرو۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ قرآن مجید پڑھا کر یہ پڑھنے والوں کیلئے قیامت کے دن سفارشی بن کر آئے گا۔

زہراوین (دو تیز نور) پڑھا کر یعنی سورۃ البقرہ اور سورۃ آل عمران قیامت کے دن دونوں ابر کی طرح سایہ بن کر یا دو سائے یا قطار باندھے پرندوں کے دو گروہ بن کر آئیں گے اور پڑھنے والوں کی طرف سے محبت بن جائیں گی (وکالت و سفارش کریں گی) ان کی پابندی کرنا برکت ہے اور ان کا چھوڑنا حسرت ہے اور لغو لوگ اس کے پڑھنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔

دعائے خضری

ہر دینی و دنیاوی مقصد میں کامیابی کیلئے مجرب ہے۔ پہلے تین بار درود شریف پڑھیں پھر یہ دعا پڑھیں۔

ا۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

Qureshi Rw

۲۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا یَصْرِفُ السُّوْءَ اِلَّا اللّٰهُ

۳۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ مَا كَانَ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ

۴۔ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اس کے بعد دعا کرے۔

نمبر۱۔ پڑھے تو دل میں خیال کرے کہ یا اللہ میں تیری طرف متوجہ ہوں

نمبر۲-۳ پڑھے تو خیال کرے کہ میں بے بس ہوں تمام ضروریات کا انتظام آپ ہی کریں گے

نمبر۴۔ پڑھے تو یہ دھیان رکھے کہ اے اللہ میں نے سب کچھ آپ کے حوالے کر دیا ہے اب کوئی پریشانی نہیں۔

اسم اعظم

ہر دعا قبول ہونے کیلئے پہلے اسم اعظم پڑھے اور پھر دعا کرے پھر تین بار درود شریف پڑھ کر یہ کہے۔ اَللّٰہُ وَاحِدٌ لَا شَرِیْکَ لَهٗ ایک بار یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ کہے اور پھر تین بار کہے وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ ایک بار یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ کہے۔ پھر تین بار کہے كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ایک بار کہے یَا اِلٰهَنَا وَاِلٰهَ كُلِّ شَیْءٍ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

پھر ایک بار یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔

اس کے بعد رزق کی فراخی۔ امتحان کی کامیابی، عزت و جرات پیدا کرنے اور بزدلی دور کرنے وغیرہ کیلئے جو چاہے دعا کرے آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے۔

حب رسول اللہ کیلئے خاص ورد

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے دل میں جناب رسول ﷺ کی محبت پیدا ہو تو صبح و شام سات

Qureshi Rw

سات بار یہ تین عمل پڑھا کرے۔

۱۔ سات بار سورۃ الکوثر۔

۲۔ سات بار درود شریف۔

۳۔ سات بار سورۃ الضحیٰ۔

حضور علیہ وسلم صلی اللہ کی زیارت کا خاص ورد

خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیلئے مجرب ورد جمعہ کی شب کو صاف لباس پہنے، خوشبو لگائے اور بعد نماز عشاء دو نفل پڑھے اور اس کے بعد ایک ہزار بار سورۃ الکوثر اور ایک ہزار بار درود شریف پڑھے۔ تین جمعرات کے اندر زیارت ہوگی۔ درود قادریہ آسان رہے گا وہ پڑھ لے درود قادریہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ.

قرب الٰہی حاصل کرنے کیلئے ورد

اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کیلئے خاص ورد ہے صبح و شام سات سات بار تین سورتیں پڑھا کرے۔

۱۔ سورۃ الفاتحہ سات بار صبح و شام۔

۲۔ سورۃ اخلاص سات بار صبح و شام۔

۳۔ سورۃ الانشراح سات بار صبح و شام۔

شیطانی وسوسے سے حفاظت کا ورد

شیطانی وسوسے سے حفاظت کیلئے نماز سے پہلے یا کسی بھی نیک کام سے پہلے اور دعا سے پہلے اور ذکر اللہ کرنے سے پہلے تین بار پڑھنا مجرب عمل ہے اس طرح تقریر وعظ سے پہلے بھی پڑھ لے۔

رَبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ۔

انابت الی اللہ کے اوراد

اگر اللہ تعالیٰ کی طرف دل مائل نہ ہو تو انابت الی اللہ پیدا کرنے کیلئے یہ ورد پڑھیں اور توجہ

Qureshi Rw

سے پڑھیں۔ سُبْحَانَ مَنْ يَّرَانِيْ سُبْحَانَ مَنْ يَّسْمَعُ كَلَامِيْ سُبْحَانَ مَنْ يَّذْكُرُنِيْ وَلَا يَنْسَانِيْ ''

''پاک ہے وہ ذات جو مجھے دیکھ رہا ہے پاک ہے وہ ذات جو میری بات سن رہا ہے، پاک ہے وہ ذات جو مجھے یاد رکھتا ہے اور مجھے بھلاتا نہیں''

انابت الی اللہ پیدا کرنے کیلئے روزانہ ایک سو ۱۰۰ بار توجہ سے پڑھیں۔

يَا هُوَ يَا مَنْ لَّا هُوَ اِلَّا هُوَ۔

انابت الی اللہ پیدا کرنے کے لئے توجہ سے پڑھیں تو انشاءاللہ خوب اثر ہوگا۔

اَللّٰهُ حَاضِرِيْ اَللّٰهُ نَاظِرِيْ اَللّٰهُ نَاصِرِيْ اَللّٰهُ مَعِيْ۔

''اللہ میرے پاس موجود ہے اللہ مجھے دیکھ رہا ہے اللہ میرا مددگار ہے اللہ میرے ساتھ ہے۔''

سخت مشکل میں خاص ورد

سخت مشکل کیلئے روزانہ یہ ورد سات سو ۷۰۰ مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ مشکل حل ہو جائے گی۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْءَ۔

اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔

غفلت کا علاج

غفلت دور کرنے کیلئے اور آخرت کی طرف دھیان کرنے اور موت کا خیال ہر وقت رکھنے کیلئے سورۃ ق ایک دفعہ صبح وشام پڑھے اور ایسا کرنے سے چونکہ موت کا خیال زیادہ شدید ہو جائے گا اس لئے اطمینان والی کیفیت پیدا کرنے کیلئے اس کے بعد سورۃ الانشراح بھی سات بار پڑھ لے۔

حل مشکلات کا ورد

حل مشکلات کیلئے روزانہ کم از کم سات سو بار سات دن تک پڑھیں یہ ادنیٰ درجہ ہے۔

'یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع

Oureshi Rw

اول آخر تین بار درود شریف پڑھیں۔اس سے زیادہ بار بھی ہے۔اور بارہ ہزار روزانہ بارہ روز تک بھی ہے۔

ہر مشکل اور ہر حاجت کیلئے

جب بھی دعا کرو تو ایک بار یہ شعر پڑھ لو

یَامَنْ یُّجِیْبُ دُعَآءَ الْمُضْطَرِّ فِی الظُّلَمِ یَا کَاشِفَ الضُّرِّ وَ الْبَلْوٰی مَعَ السَّقَمِ۔

''اے وہ ذات جو پریشان حال کی دعا اندھیروں میں سنتا ہے اے دکھوں اور آفتوں کو کھولنے والے اور اس کے ساتھ ساتھ بیماریوں کو ہٹانے والے۔''

یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَمُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَۃٌ۔

''اے ہر تکلیف کے وقت میرے پروردگار، اور ہر دعا کو قبول کرنے والے، اور ہر وحشت کے وقت میرے انیس، اور ہر سختی کے وقت میری پناہ گاہ اور جب حیلے کٹ جائیں اس وقت میری امید۔''

ہر تکلیف سے حفاظت کیلئے نماز

حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ جو شخص دو رکعت نفل پڑھے اور ہر سجدہ میں تسبیحات (سبحان ابی الاعلیٰ) کے بعد تین بار یہ دعا پڑھے وہ ہر قسم کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔

فَقِیْرُکَ بِفَنَائِکَ وَعُبَیْدُکَ بِفَنَائِکَ وَسَائِلُکَ بِفَنَائِکَ۔

''تیرا محتاج تیرے در پر ہے اور تیرا بندہ تیرے در پر ہے اور تیرا بھکاری تیرے در پر ہے۔''

ہر مصیبت دور کرنے کیلئے

ہر قسم کے مصائب کے دفعیہ کیلئے مندرجہ ذیل کلام کا ہر نماز کے بعد سو۱۰۰ دفعہ پڑھنا مجرب ہے۔''رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ''

Qureshi Rw

ہر حاجت ورزق کیلئے سورۃ یٰسین کا خاص ورد

جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر چیز کا دل ہوتا ہے اور جو قرآن کا دل یٰسین پڑھے گا اس کی اسی ضروریات پوری ہوں گی اور ادنیٰ ضرورت فقر اور محتاجی کی ہے۔ قضائے حاجات کیلئے نماز جمعہ کے بعد روبقبلہ ہو کر سورۃ یٰسین تین تین بار اس طریق پر پڑھے کہ پہلے مبین پر پہنچے تو سورۃ اخلاص تین بار پڑھے۔ دوسرے مبین پر پہنچے تو سورۃ کوثر تین بار پڑھے۔ تیسرے مبین پر پہنچے تو سورۃ الانشراح تین بار پڑھے چوتھے مبین پر پہنچے تو سورہ الفاتحہ تین بار پڑھے۔ پانچویں مبین پر پہنچے تو آیت الکرسی تین بار پڑھے چھٹے مبین پر پہنچے تو یہ دعا تین بار پڑھے۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔

اور ساتویں مبین پر پہنچے تو تین بار درود شریف پڑھے اور یہ دعا سات بار کرے

اَللّٰهُمَّ وَسِّعْ رِزْقِيْ وُسْعَةً لَا اَحْتَاجُ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ۔

اور پھر سورۃ مکمل کرے۔

مصیبت پر صبر کیلئے خاص ورد

اگر کسی عزیز کے فوت ہونے پر غم زیادہ ہو تو دل کو صبر دلانے کے لئے یہ آیات تین تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے دل پر صبح وشام پھیر لیا کرے۔

۱۔ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ۔

۲۔ سورۃ انشراح مکمل۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ؕ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

۳۔ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔

سورۃ اخلاص

قل هوا الله احد .الله الصمد .لم يلد. ولم يولد. ولم يكن له كفوا

Qureshi Rw

احد۔

''کہہ اے محمد! وہ اللہ ایک ہے اللہ بے احتیاج ہے نہیں جنا اس نے اور نہ جنا گیا اور نہیں ہے واسطے اس کے برابری کرنے والا کوئی۔''

حدیث شریف میں ہے جس نے یہ سورۃ پڑھی اسے ایک تہائی قرآن کا ثواب ملے گا۔

معوذتین

قل اعوذ برب الفلق. من شر ماخلق. ومن شر غاسق اذا وقب. ومن شر النفثت فی العقد ومن شر حاسد اذا حسد۔

''کہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار صبح کے برائی اس شیز گی سے کہ پیدا کیا ہے اور برائی اندھیرا کرنے والی کی سے جس وقت چھپ جائے اور برائی پھونکنے والوں سے بیچ گرہوں کے اور برائی حسد کرنے والے سے جب حسد کرے۔''

سورۃ الناس

قل اعوذ برب الناس. ملک الناس اله الناس. من شر الوسواس الخناس. الذی یوسوس فی صدور الناس. من الجنة والناس.

''کہہ پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ پروردگار لوگوں کے بادشاہ لوگوں کے معبود لوگوں کے برائی وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کی سی وہ جو وسوسہ ڈالتا ہے بیچ سینے لوگوں کے جنوں میں سے اور انسانوں میں سے۔''

سفلی اعمال جادو وغیرہ کے توڑ کیلئے موثر ترین نسخہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی شفا کیلئے نازل فرمایا ہے۔

حصول مغفرت کیلئے قرآن مجید کی دعائیں

قرآن مجید کی دعائیں باقی تمام دعاؤں سے افضل ہیں اسلئے کہ دعا بھی ہیں۔اور تلاوت قرآن مجید بھی ہے۔اگر مغفرت چاہے کہ اللہ تعالیٰ گناہ معاف کردے تو حضرت آدمؑ کی دعا پڑھا کرے۔

Qureshi Rw

رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔

''اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو نے ہمیں نہ بخشا اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو البتہ ہم ضرور خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔''

اس کی تعداد مقرر نہیں فرمائی۔ ایک سو بار روزانہ پڑھ لے تو بہتر ہے اول آخر تین بار درود شریف پڑھے۔

ہر مشکل اور حاجت کیلئے

ہر مشکل اور حاجت کیلئے ایک خاص درود یہ ہے۔ صبح اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھیں یَا رَحْمٰنُ اَغِثْنِیْ۔ اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھے۔

شادی کرنے اور اہل وعیال کے نیک ہونے کی دعا

اگر شادی کرانے کا خواہش مند ہو اور چاہے کہ اہل وعیال نیک بن جائیں تو یہ دعا پڑھیں۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

ہر مصیبت اور ہر حاجت کا مجرب ورد

ہر مصیبت اور ہر حاجت کیلئے مجرب دعا وہ ہے جو حضرت یونسؑ کی تھی۔ جناب رسول ﷺ نے فرمایا حضرت ذوالنونؑ کی دعا جب انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں اپنے رب تعالیٰ کو پکارا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ ایک مسلمان اس کے ساتھ جو بھی دعا کرے وہ قبول ہوگی۔

دنیا وآخرت کی تمام بھلائیاں حاصل کرنے کیلئے دعا

دنیا وآخرت کی تمام بھلائیاں حاصل کرنے کیلئے یہ دعا پڑھے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

''اے ہمارے پروردگار ہمیں دنیا میں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔''

Oureshi Rw

استغفار کا فائدہ اور الفاظ

ایک مختصر استغفار کثرت رزق اور ہر غم کو دور کرنے اور ہر حاجت کیلئے کثرت کے ساتھ پڑھتا رہے۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ۔

"اے رب بخش دے اور رحم کر بیشک تو تمام رحم کرنے والوں سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔"

اس دعا میں استغفار بھی ہے اور تلاوت قرآن مجید بھی ہے۔

کلمہ طیبہ کے فضائل

تلاوت قرآن مجید کے بعد سب سے افضل ذکر لَا اِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰه ہے۔ یہ ورد اس طرح پڑھے کہ لا الہ الا اللہ پڑھتا رہے۔ جب سانس اکھڑے تو ایک بار محمد رسول اللہ کہہ دے پھر لَا اِلٰه اِلَّا اللّٰـه شروع کر دے ایک ۱۰۰ بار روزانہ پڑھے۔ اور پھر آہستہ آہستہ روزانہ ایک ہزار ۱۰۰۰ بار تک پڑھا کرے۔

حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سب سے افضل ذکر لَا اِلٰــهَ اِلَّا اللّٰه ہے اور سب سے افضل دعا الحمد اللہ ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه پڑھا کرو ایمان تازہ کیا کرو (یعنی کثرت سے پڑھا کرو۔)

ہر مقصد اور حفاظت کیلئے

دینی اور دنیاوی ہر مقصد حاصل کرنے اور جان و مال و عزت کی حفاظت کیلئے اور دشمنوں کے شر سے بچنے کیلئے یہ ورد نہایت مجرب ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ

Qureshi Rw

بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔

جب قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّهٗ لِلّٰهِ پر پہنچے تو دل میں اپنے مقصد کا خیال رکھے علم میں اضافہ یا شادی یا حج یا ذہانت کا جو چاہے خیال کرے یہ بہت ہی مجرب ورد ہے۔

تمام حاجات کیلئے خاص ورد

حضرت فاطمہ الزہراؑ کی دعا صبح کی نماز کے بعد تیس بار پڑھیں۔ اول آخر تین دفعہ درود شریف کا انتظام کریں جمیع حاجات کے لئے مفید اور مجرب ہے۔ کلام مبارک یہ ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ وَلَا اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ طُرْفَةَ عَیْنٍ وَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّهٗ۔

آفات سے حفاظت کیلئے

ہر قسم کی آفات و بلیات سے حفاظت کیلئے درود تنجینا روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر آفت سے تحفظ حاصل ہوگا۔ درود تنجینا اور تنجینا (بغیر تشدید اور تشدیک کے ساتھ) دونوں طرح درست ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

گم شدہ بچہ یا کھوئی ہوئی چیز کا واپس ملنا

سورۃ ضحیٰ سات ۷ مرتبہ پڑھیں پھر اپنے اوپر انگشت شہادت پھیریں اور سات ۷ مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات کہیں۔

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰهِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ

Oureshi Rw

وَاَصْبَحْتَ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ۔

پھر دستک دیں (تالی) بجائیں یا دروازہ کھٹکھٹائیں ہر صبح وشام یہ عمل اس وقت تک کرنا ہے جب تک گمشدہ نہ مل جائے اور اسی طرح کھوئی ہوئی چیز واپس نہ مل جائے۔ سورۃ ضحیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَالضُّحٰی. وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی. مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی. وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی. وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی. اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی. وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی. وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی. فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ. وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْ. وَاَمَّا بِنِعْمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ.

گم شدہ لڑکی یا چیز کی بازیابی کیلئے

اگر کوئی بچہ گم ہو گیا ہو یا لڑکی گھر سے فرار ہو گئی ہو یا کوئی چیز کھو گئی ہو تو مندرجہ ذیل کلمات سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کھوئی ہوئی چیز اور بچہ مل جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتَ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ۔

تمام حاجات کیلئے

جو شخص سات ۷ بار صبح اور سات ۷ بار شام کو یہ دعا پڑھے گا اس کی تمام حاجات پوری ہوں گی۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

دشمنوں سے محفوظ رہنے کیلئے

فجر کے فرض اور سنت کے درمیان چالیس ۴۰ دفعہ سورۃ فاتحہ۔ اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ لیا کریں۔

اس عمل کو ہمیشہ کرنے کی برکت سے ہر قسم کی مشکلات خواہ روزی اور رزق کی۔ یا اعزہ و اقرباء کے ستانے کی ہوں حل ہوتی رہیں گی مگر اس کو برابر کرتے رہیں خلل نہ پڑے۔ اگر ممکن ہو تو

Qureshi Rw

اخیر رات میں ورنہ بعداز مغرب یابعداز عشاء اور اگر رات میں ممکن نہ ہوتو دن ہی میں ایسے وقت میں کہ نوافل جائز ہوں۔

چار رکعت بہ نیت دفع مصائب نازلہ وقضاء حاجت ومشکلات پڑھیں۔اول رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے یہ آیت ایک سو۱۰۰ بار پڑھے۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْـتَ سُبْـحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔

اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے یہ آیت ایک سو۱۰۰ بار پڑھے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔

اور تیسری رکعت میں بعداز سورۃ فاتحہ یہ آیت ایک سو۱۰۰ بار پڑھے

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ م بِالْعِبَادِ۔

اور چوتھی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔

اور سلام پھیرنے کے بعد ایک سو۱۰۰ مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

پھر دفع مشکلات و (تکمیل) ارادہ کیلئے دل سے دعا بحضور قلب مانگا کریں۔ انشاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں عمدہ نتائج ظاہر ہوں۔۱۰۰ کا عدد گننے کیلئے تسبیح لے سکتے ہیں۔ ہاتھ باندھے نماز میں شمار کرسکیں گے۔

تکلیف تنفس (سانس کے مرض) کیلئے

یَا حَمِیْدُ روزانہ ایک ہزار۱۰۰۰ مرتبہ پڑھا کریں اور چودھویں رات میں کورے برتن میں سورۃ ناس لکھیں اور اس میں پانی بھر کر کچھ پئیں اور باقی سے وضو کریں۔انشاء اللہ تعالیٰ سانس کے مرض سے افاقہ ہوگا۔سورۃ ناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ. مَلِکِ النَّاسِ. اِلٰهِ النَّاسِ. مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ. اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ.

Qureshi Rw

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔

دشمنوں سے محفوظ رہنے کیلئے اور فقر وفاقہ سے نجات کیلئے

روزانہ مغرب کی نماز یا عشاء کی نماز کے بعد باوضو سورہ قریش مع بسم اللہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ سورۃ قریش مع بسم اللہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ اِيْلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ. فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۔ صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.

دشمنوں کے شر سے حفاظت کا ورد

جو شخص فجر کی نماز کے بعد سات ۷ مرتبہ پڑھے گا دشمنوں کے شر سے محفوظ ہوگا۔ تجربہ کر کے دیکھئے۔ دعا یہ ہے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْقَوِيُّ لِمَنْ م بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ الشَّدِيْدُ لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.

دشمنوں کے مقابلہ میں فتح یابی کیلئے

دشمنوں کے مقابلہ میں فتح یابی کیلئے یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ مُجْرِيَ السَّحَابِ سَرِيْعَ الْحِسَابِ هَازِمَ الْاَحْزَابِ اِهْزِمْهُمْ۔

دشمن کی زبان بندی اور اس کے مقابلہ میں فتح

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے اور دشمنوں کے مقابلہ میں فتح حاصل کرنے کیلئے سات سات بار یہ دعا پڑھے۔

۱۔ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا۔

۲۔ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۔

Qureshi Rw

واسطے زبان بندی

جس وقت دربار میں یا کسی حاکم کے دفتر میں یا کسی بزرگ کے پاس کسی حاجت کیلئے جائے تو اس اسم کو تین بار پڑھ کر اپنے بدن پر دم کر کے جاوے دیکھتے ہی مہربان ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بزبانش عصائے کلیم اللہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بحقِ یَا رَحْمٰنُ، یَا رَحْمٰنُ، یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ ، یَا رَحِیْمُ، یَا رَحِیْمُ، صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ۔

دشمن کا سر نیچا کرنے کیلئے

شروع میں ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. پڑھ لے پھر چلتے پھرتے پڑھے۔ دشمن ایک ہو یا زیادہ سب کا تصور (خیال) کر کے پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سب کے غرور کا سر جھک جائے گا اور ذلیل و پست ہو جائیں گے۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

یَاخَافِضُ کمر پست دشمن کے تئیں

تانہ ہو رہزن مری راہ میں کہیں۔

دشمن کو زیر کرنے کا عمل

دشمن کے سامنے یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر اس کے منہ کے سامنے پھونکے اور پھر اس کے سامنے جائے تو دشمن مہربانی سے پیش آئے گا اور دشمن مغلوب ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. تَعَذَّرْتُ بِرَبِّ الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ شَاھَتِ الْوُجُوْہُ وَعَمِیَتِ الْاَبْصَارُ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم.

ظالم دشمن پر ہیبت طاری کرنا

کسی ظالم دشمن کے سامنے پچاس ۵۰ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم. پڑھے اس کے دل میں مظلوم کی ہیبت پیدا ہو اور اس ظالم کے شر سے محفوظ رہے۔

Oureshi Rw

دشمنوں کی نظروں سے چھپ جانا

ریت بہت سی جمع کر کے اس پر بیٹھ جائے اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. پڑھ کر یہ آیت پڑھے۔وَجَعَلْنَا مِنْ م بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَا هُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔اس کے بعد یہ الفاظ کہے۔

''اے موکلو پکڑلو آنکھوں کی بینائی کو اور داخل کرو اندھیروں کے دریاؤں میں یہاں تک کہ مجھ کو دیکھنے نہ پائیں صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔'' یہ پڑھ کر خاموش ہو رہے اور کسی سے بات نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے اور دشمن کو بالکل نظر نہ آئے گا۔اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِنَا الْخَفِىُّ يَا لِلُّطْفِ الْخَفِيِّ فَاِنَّ مَنْ اَخْفَيْتَهٗ بِخَفِيِّ لُطْفِكَ فَقَدْ خَفِىْ۔

''میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے پوشیدہ مہربانی کرنے والے اپنی پوشیدہ مہربانی کے اندر چھپالے کیونکہ جس کو تو نے اپنی پوشیدہ مہربانی میں چھپالیا بیشک وہ چھپ گیا۔''

پھر اس کے بعد اٹھ کر جہاں چاہے جائے سب سے پوشید رہے گا۔ جب کسی سے بات کرے گا فوراً ظاہر ہو جائے گا اور اس عمل کی تاثیر جاتی رہے گی۔

ہلاکت اعداء کیلئے

طلوع شمس کے وقت میں تیسری تاریخ کو ساعت مریخ میں دو رکعت نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ فیل ۲۵ مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ لہب ۲۵ مرتبہ سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں پڑ کر کہے يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔اس کے بعد سر کھول کر اس اسم مبارک کو تیرہ ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے۔ (روزانہ تیرہ ہزار مرتبہ پڑھے)

حضرت محدث کا ارشاد ہے کہ نہ ساعت مذکور کی خلاف ورزی کی جائے اور نہ ناحق طور پر اسے استعمال کیا جائے ورنہ نکلا ہوا تیر بے خطا اگر غلط لگ گیا تو نقصان شدید ہوگا۔خواہ معمول کو یا عامل کو۔واللہ اعلم بالصواب۔

Oureshi Rw

برائے زبان بندی

سورۃ الم نشرح بغیر بسم اللہ کے ایک سو اکیس بار پڑھے اور دانہ گندم پر دم کرے اور مرغیوں کو کھلا دے۔ سورج نکلنے سے قبل پڑھے اور ختم کرے۔

خوف حاکم کیلئے

جو شخص کسی صاحب حکومت سے ڈرے اس کو چاہئے یوں کہے

کٓھٰیٰعٓصٓ کُفِیتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِیتُ۔

اور چاہیے کہ داہنے ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے لفظ اول کے ہر حرف کے تلفظ کے ساتھ اور بائیں ہاتھ کی ہر انگلی کو قبض کرے لفظ ثانی کے حرف کے نزدیک پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند کئے چلا جائے پھر دونوں کو کھول دے اس کے سامنے جس سے ڈرتا ہے۔

برائے دفع دشمن

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ (پوری سورت) اکتالیس بار بعد مغرب پڑھے۔ انشاء اللہ کامیاب ہو۔

استخارہ:

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ لِكُلِّ حَوْلٍ مِّنَ الْاَحْوَالِ مُقْتَحِمٖ۔

بعد نماز تہجد تین سو بار گیارہ روز تک پڑھے۔ اگر اس عرصہ میں مطلب حاصل نہ ہو۔ تو اور گیارہ روز تک پڑھے اگر نماز تہجد نہ ہو سکے تو بعد عشاء پڑھے۔ اگر جنگ و پریشانی خواب میں دیکھے پڑھتا رہے اور اگر پانی اور مچھلی وغیرہ دیکھے علامت کشائش ہے۔

برائے دفع دشمن

مٹی کے ڈھیلے پر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اور یہ تصور کرے کہ دشمن سامنے موجود ہے اور دشمن کی خیالی صورت پر ڈھیلہ مارے یہ عمل ہر روز کرے یقین ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ خدا کی رحمت سے دشمن دفع ہو جائے گا دعا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

Oureshi Rw

برائے عداوت مجرب

سورۃ تبت بغیر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ کے نمک و سرسوں و موئے (بال) دونوں کے لیکر اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھے اور ہر چیز پر علیحدہ علیحدہ پڑھے اور ہر بار دونوں کا نام لے۔ جن میں عداوت کافی ہو عداوت جانی ہو جائے گی۔ لیکن اس عمل میں شرط یہ ہے جہاں شریعت کی روح سے جائز ہو کرے ناجائز کام کے سلسلہ میں کرے گا تو خود بڑا نقصان اٹھائے گا۔ ناجائز دشمنی کرانے میں اسے استعمال نہ کرے۔

جمیع امراض و بلیات و آفات کا دفعیہ

۱۔ فرمودہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ سورۃ یٰسین کو مبیوں کے معروف طریقے کے مطابق اس طرح پڑھیں کہ ہر مبین پر سات بار سورہ فاتحہ پڑھی جائے۔ اس طرح انچاس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھی جائے گی اور مریض پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پلائیں۔ یہ عمل تمام بیماریوں اور مہمات کو کافی ہے۔

برائے بغض و عداوت

نوٹ: بغض و عداوت میں اتنی دشمنی اور عداوت ہی جائز ہے جس کی شریعت نے اجازت دی ہے۔ بلاوجہ دشمنی و عداوت یا ہلاکت کا عمل کرنا بہت سخت گناہ اور دنیا و آخرت میں تباہی کا باعث ہے۔ انتہائی مجبوری میں یہ عمل جائز ہے ایسے عمل کرنے سے قبل کسی شریعت کے پابند عالم سے مشورہ کرلے۔

دشمن پر غلبہ حاصل کرنے اور پریشانی سے نجات کا عمل

رَبِّ اِنِّی مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۔ کو معہ بسم اللہ کے بعد نماز عشاء تین سو ساٹھ بار اول آخر درود شریف پڑھ کر ورد کریں۔ ۴۱ شب مسلسل پڑھیں اور اپنی حاجت اور پریشانی سے نجات کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا اور ہر قسم کی پریشانی دور ہو جائے گی۔

Qureshi Rw

ظالم دشمن کے شر سے نجات حاصل کرنے کیلئے

(حکیم عبدالوہاب انصاریؒ)

دن رات میں کوئی فارغ وقت مقرر کر کے سورہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اکیس ۲۱ بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرے اور اپنے ظالم دشمن کا تصور کر کے انگشت شہادت سے اس کے قلب کی طرف ضرب کا اشارہ کرے۔ یہ عمل ایک جلسہ میں تین مرتبہ کر کے اٹھ جائے اگلے روز اسی وقت پھر یہی عمل کرے چند روز تک مسلسل یہ عمل کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی۔

دفع دشمن

جو شخص ہمیشہ اس دعا کو درمیان فرض وسنت فجر دس مرتبہ پڑھ لیا کرے اور کاغذ پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے تو کوئی دشمن اس پر غالب نہ آوے۔ دعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرُ الْقَاهِرُ الْقَوِیُّ الْکَافِیْ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ عَدُوِّیْ هُوَ اَقْوٰی مِنْهُ اِنَّا کَفَیْنَاکَ الْمُسْتَهْزِئِیْنَ اَللّٰهُمَّ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے اور مقصد میں کامیابی کیلئے

ہر نماز کے بعد یَا حَفِیْظُ یَا عَزِیْزُ اکیس بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخالفین مغلوب وذلیل ہوں گے اور سب تعلق والے مظفر و منصور ہوں گے۔

فرمودات استاذ الکبیر سید حسین احمد مدنی قدس سرہ

نوٹ: درج ذیل اوراد کی حضرت درخواستی مدظلہ العالی کی طرف سے بھی اجازت عام ہے۔ میں آپ کو مندرجہ ذیل عمل بتاتا ہوں اس پر آپ مداومت کریں انشاء اللہ ہر قسم کی مشکلات خواہ روزی اور رزق کی ہوں یا اعزہ و اقربا کے ستانے کی ہوں حل ہوتی رہیں گی۔ مگر اس کو برابر کرتے رہیں خلل نہ پڑے۔ اگر ممکن ہو تو اخیر رات میں ورنہ بعد نماز مغرب یا بعد از عشاء اور اگر رات کو ممکن نہ ہو تو دن ہی میں ایسے وقت میں جب نوافل جائز ہوں یہ عمل کریں۔

Qureshi Rw

چار رکعت بہ نیت رفع مصائب نازلہ وقضاء حاجت ومشکلات پڑھیں۔ اول رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَالَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔ سومرتبہ

اور دوسری رکعت میں بعداز فاتحہ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ ایک سوبار۔ اور تیسری رکعت میں بعداز سورۃ فاتحہ۔ "وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ۔" سومرتبہ۔ اور چوتھی رکعت میں بعداز سورۃ فاتحہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔ سومرتبہ پڑھیں۔ اور سلام پھیرنے کے بعد سومرتبہ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھ کر دفع مشکلات وتکمیل ارادہ کے لئے دل سے دعا بحضور قلب مانگا کریں انشاءاللہ تھوڑے ہی عرصہ میں عمدہ نتائج ظاہر ہوں گے۔ سو کا عدد گننے کیلئے تسبیح ہاتھ میں لے سکتے ہیں۔

درود تُنَجِّیْنَا

آفات سے حفاظت کیلئے یہ درود روزانہ ستر مرتبہ پڑھا کریں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔"

دشمن کو زیر کرنے کا عمل

مندرجہ ذیل آیت۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰی بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ۔

کو سہ شنبہ (منگل کے دن) زوال منقلب کریں۔ دوسرے ایک نئے لوہے کے ٹکڑے (تین

Qureshi Rw

